FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

This question paper consists of **19** questions and **8** printed pages.

اس سوالنامے میں 19 سوالات ہیں اور 8 صفحے ہیں۔

**یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔**

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

# URDU
# (اردو)
# (206)

**Code No. 50/S/A/U**

**SET A**

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..............................

امتحان کی تاریخ اور دن ..............................

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..............................

2. ..............................

**ہدایات :**

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اُتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو A، B، C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں، معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر **50/S/A/U, Set A** کو لکھیے۔



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

# URDU

# (اردو)

# (206)

وقت : 3 گھنٹے کل مارکس : 100

1. نیچے دیئے گئے اشعار کی تشریح کیجئے۔ یہ شعر الگ الگ غزلوں سے لیے گئے ہیں۔ ہر شعر کے ساتھ شاعر کا نام بھی لکھیے: 6

ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا
آج تک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

یا

نیچے دیئے اشعار کی تشریح کیجئے نظم اور شاعر کا نام لکھیے :
لکھیے: 6

وہ طاہر کہسار لب چشمۂ کہسار
وہ سرد ہوا گرم ابر گہربار
وہ میوہ خوش رنگ وہ سرسبز چمن زار
اک آن میں صحت ہو جو برسوں کا ہو بیمار

2. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے : 8

اُس نے شرما کر کچھ دکھ سے کہا ''ارے بی بی یہ سندرتا تو میرے لیے بلا ہو گئی۔ بھگوان نے بدصورت بنایا ہوتا تو مجھے اتنے دکھ نہ جھیلنے پڑتے۔ اب تم ہی بتاؤ بی بی میں ٹھہری کام کرنے والی عورت پورے دس گھروں کا کام کرنا پڑے ہے۔'' ''اب کیا بی بی جی ہر گھر سے مردوؤں کو نکالا دلوا دوں ؟'' مگر وہ جو ہے تمہارا جمعدار اس کم بخت کا منہ ہی سیدھا نہ ہوئے۔ میری تنخواہ کے آدھے پیسے، دارو شراب میں اڑا دیئے ہیں۔ پوچھو دس جنوں کا خرچ کیسے



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

پورا کروں۔ مگر اُسے کیا مطلب وہ گھبرا کر کھڑی ہوگئی۔ ابھی تو کئی گھروں میں جانا ہے۔ ہر جگہ پھٹکار پڑے گی۔ اور یہ جاوہ جا۔

(1) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے اور کس مصنف نے لکھا ہے ؟
(2) پھول رانی نے ارے بی بی کہہ کر کس مجبوری کا اظہار کیا ؟
(3) جمعدار کے بارے میں اُسے کیا شکایت تھی ؟
(4) پھول رانی کیوں گھبرا کر کھڑی ہوگئی ؟

**یا**

کبیرداس اپنے آپ کو وشنو بھگت کہا کرتے تھے - وہ پیشانی پر قشقے لگاتے تھے۔ نہ انھوں نے کسی مکتب میں باقاعدہ ترتیب حاصل کی تھی۔ ممکن ہے کہ ہندو دھرم تصوف اور اِسلام کا علم انھیں سوامی رامانند اور شیخ پیر تقی کی مجلسوں اور صحبتوں سے حاصل ہوا ہو وہ ایک سچے خداپرست انسان تھے۔ اُنھیں مال و دولت کا لالچ تھا نہ جسمانی آرائش سے کوئی رغبت تھی۔ دُنیا کی ساری آسائش ان کے سامنے ہیچ تھیں۔

(1) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔
(2) کبیرداس اپنے آپ کے لیے کیا کہتے تھے ؟ اُن کا حلیہ کیا تھا ؟
(3) کبیرداس کو کن لوگوں کی صحبت سے کیا کیا علم حاصل ہوا ؟
(4) کبیرداس کس طبیعت کے مالک تھے ؟

3. غزل کی تعریف لکھیے۔ مقطع کسے کہتے ہیں ؟ 4

**یا**

مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ مرثیہ کے کتنے اجزا ہیں ؟

4. لائبریری پر نوٹ لکھیے۔ 4

**یا**

انشائیہ کسے کہتے ہیں ؟ آپ کی کتاب میں کس عنوان پر انشائیہ لکھا ہے ؟



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

| | | |
|---|---|---|
| .5 | مضمون : | 10 |
| | تعارف / تمہید | 2 |
| | نفسِ مضمون | 6 |
| | اختتام / نتیجہ / تجاویز | 2 |

| | | |
|---|---|---|
| .6 | خط : | 8 |
| | اپنا پتہ ، تاریخ | 1 |
| | القاب و آداب | 1 |
| | نفسِ مضمون / عرضِ مدعا | 5 |
| | خاتمہ / نام وغیرہ | 1 |
| | **یا** | |
| | درخواست : | |
| | مکتوب الیہ کا عہدہ، پتہ اور القاب | 2 |
| | نفسِ مضمون / عرضِ مدعا | 5 |
| | خاتمہ / تاریخ / اپنا پتہ | 1 |

.7 کمپیوٹر کسے کہتے ہیں ؟ وضاحت کیجئے۔ 5

**یا**

سیٹلائٹ کے ذریعے نشریات کیوں اہم ہے ؟

.8 شہریار کے بارے میں نوٹ لکھئے۔ 4

**یا**

نظیر اکبرآبادی کی شاعری کے بارے میں چند نکات لکھئے۔



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

9. شاعر نے بھارت کو جنت کی بہاروں سے کیوں تشبیہ دی ہے؟ 3

10. قافیہ اور ردیف کی تعریف لکھیے۔ 3

11. کرشن چندر کی تحریروں کے بارے میں چند لائنیں لکھئے۔ 4

**یا**

سرسید کو جدید اردو نثر کا بانی سمجھا جاتا ہے کیوں؟

12. ''عیدگاہ'' افسانے کا مرکزی خیال آسان الفاظ میں بیان کیجئے۔ 3

13. کنہیا لال کپور نے اخبار پڑھنے والوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟ 3

14. ہندو مسلم اتحاد سے کن تہذیبی اداروں کو فروغ حاصل ہوا؟ 3

15. مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ 3

16. استعارہ کی تعریف لکھئے۔ 3

17. 'نظم معرا' کسے کہتے ہیں؟ 3

18. مناسبات لفظی کسے کہتے ہیں؟ 3



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

19. ذیل کے سوالات کے چار جواب دیے ہیں۔ صحیح سوال کے جواب لکھئے۔ 20

(1) خانہ خراب کیا ہے؟

(A) محاورہ (B) تشبیہ

(C) استعارہ (D) فعل

(2) شاعر کے نالے اتنے بلند کیوں ہیں؟

(A) جانوروں تک پہنچ جائیں۔

(B) تاروں کے قافلوں تک جگا دیں۔

(C) سمندر، پہاڑوں اور ندیوں کو جگا دیں۔

(D) اسی میں گھٹ کر رہ جائیں۔

(3) شعر میں لفظ ظلمت و نور کو کس طور پر استعمال کیا گیا ہے؟

(A) تشبیہ (B) مترادف

(C) استعارہ (D) صفت

(4) خط کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

(A) چار (B) پانچ

(C) دو (D) تین

(5) گزرا زمانے میں بوڑھا کیوں رو رہا تھا؟

(A) اُسے بہت تکلیف تھی۔

(B) نیکی کرنے کا وقت گزر چکا تھا۔

(C) وہ بہت بوڑھا ہو گیا تھا۔

(D) وہ بہت کمزور تھا۔

(6) امینہ کو کپڑے سینے پر فہمن سے کتنے پیسے ملے تھے؟

(A) چار آنے (B) آٹھ آنے

(C) دس آنے (D) چھ آنے

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(7) بھگتی تحریک کی نمایاں خصوصیت کیا ہے؟

(A) بتوں کی پوجا کرنا

(B) کٹرپن اور ظاہرداریوں کو چھوڑ کر انسان سے محبت کرنا

(C) مذہبی ظاہرداریوں کو پسند کرنا

(D) مذہبی کٹرپن کو پسند کرنا

(8) بنیادی طور پر درخواست کتنی طرح کی ہوتیں ہیں؟

(A) تین طرح کی (B) دو طرح کی

(C) چار طرح کی (D) پانچ طرح کی

(9) مضمون نویسی میں سب سے طویل کون سا حصّہ ہوتا ہے؟

(A) بیانیہ (B) نفسِ مضمون

(C) تخیلاتی (D) تاثراتی

(10) عشق کی ضد کیا ہے؟

(A) نفرت (B) پیار

(C) دشمنی (D) حسد

(11) کالی گھٹا میں ''کالی'' گرائمر میں کیا ہے؟

(A) اسم (B) فعل

(C) صفت (D) ضمیر

(12) ''کھسیا جانا'' کے کیا معنی ہیں؟

(A) شرمندہ ہو جانا (B) شرما جانا

(C) ڈر جانا (D) خوش ہو جانا

(13) افراد جمع ہے اس کا واحد کیا ہے؟

(A) شجر (B) فرد

(C) فہرست (D) شعر



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(14) لائبریری میں زیادہ تر اخبار پڑھنے کے لیے کون سے لوگ جاتے ہیں ؟

(A) بوڑھے (B) جوان

(C) ملازم پیشہ (D) غریب

(15) ریڈیو کی بھارت میں شروعات سب سے پہلے کونسے شہر میں ہوئی ؟

(A) دہلی (B) پونے

(C) بمبئی (D) کولکتہ

(16) خط نستعلیق کمپیوٹر کس نے تیار کیا ؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) سید مطلوب حسین اور مرزا جمیل احمد

(C) سرسید احمد خاں (D) مولانا ابوالکلام آزاد

(17) AutoCAD کس لیے استعمال ہوتا ہے ؟

(A) انجینئر نگ اور تعمیراتی نقشے بنانے کے لیے۔

(B) موٹر گاڑی بنانے کے لیے۔

(C) جہاز رانی کے لیے۔

(D) بجلی بنانے کے لیے۔

(18) دہلی میں ٹی وی کے دوسرے چینل کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 1985 (B) 1984

(C) 1986 (D) 1987

(19) بھارت میں رنگین نشریات کلر ٹرانسمیشن کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 15 اگست 1981 (B) 15 اگست 1982

(C) 15 اگست 1983 (D) 15 اگست 1984

(20) کاغذ کی چھپائی کی شروعات کہاں ہوئی ؟

(A) بھارت (B) جاپان

(C) چین (D) انگلینڈ



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com